باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد:24 | جمعرات 24 جمادی الاوّل 1448ھ 05 نومبر 2026ء | شمارہ:227

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور ان جیسا برا نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



سعودی عرب کیساتھ 3 ارب ڈالر قرض رول اوور ہو چکا ہے

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس کے بعد پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ سعودی عرب کے وزیر خزانہ سے بہت اچھی ملاقات بھی ہوئی ہے

ہم نے ہر سال تقریباً ڈیڑھ ارب یورو بانڈ کی پیمنٹ کرنی ہے، ہماری کوشش ہے کہ یورو بانڈ کی پیمنٹ کے لیے کوئی بھی انتظامیہ ہو اس کو مشکل پیش نہ آئے۔ محمد اورنگزیب نے مزید بتایا کہ آئی ایم ایف بورڈ سے اگلی قسط کی منظوری دسمبر میں ہونے کا امکان ہے

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ سعودی عرب کیساتھ 3 ارب ڈالر قرض رول اوور ہو چکا ہے اور سعودی عرب کی طرف سے مزید سپورٹ کی فی الحال ضرورت نہیں ہے جبکہ عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) بورڈ سے اگلی قسط کی منظوری دسمبر میں ہونے کا امکان ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس کے بعد پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ سعودی عرب کے وزیر خزانہ سے بہت اچھی ملاقات بھی ہوئی ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اہم خبر



کراچی میں کورین ثقافتی رنگارنگ میلہ فیسٹیول 2026 تیرہ نومبر سے شروع ہوگا

کلی ون مال کراچی میں تین روزہ ثقافتی و اقتصادی سرگرمیوں کا انعقاد ہوگا، کورین قونصل جنرل

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان اور جنوبی کوریا کے درمیان ثقافتی، اقتصادی اور عوامی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے لیے کراچی میں تین روزہ رنگارنگ تقریب ''کے فیسٹیول 2026'' منعقد کیا جائے گا۔ جمہوریہ کوریا کے سفارت خانے کے کراچی آفس اور کوریا ٹریڈ انویسٹمنٹ پروموشن ایجنسی (کوٹرا) کے کراچی آفس کے اشتراک سے منعقد ہونے والا یہ مشترکہ اقتصادی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ملک میں سونے کی قیمتوں میں بڑا اضافہ، فی تولہ 4 لاکھ 26 ہزار روپے سے تجاوز کر گیا

عالمی مارکیٹ میں قیمت 139 ڈالر اضافے سے 4 ہزار 35 ڈالر فی اونس ہوگئی

کراچی (این این آئی) ملک میں سونے کی قیمتوں میں بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کے بعد فی تولہ سونے کی قیمت 4 لاکھ 26 ہزار روپے سے تجاوز کر گئی۔ آل پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ایف بی آر نے گھریلو برقی آلات پر ٹیکس اسٹیمپ لازمی قرار دے دیا

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سیلز ٹیکس رولز میں ترمیم کرتے ہوئے گھریلو برقی آلات کا دائرہ کار وسیع کر دیا ہے، جس کے تحت متعدد نئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

شارع فیصل پر تیز رفتار ویگو ڈالے کے باعث اسکول وین سمیت چار گاڑیاں ٹکرا گئیں

کراچی (این این آئی) شہر کی مصروف شاہراہ شارع فیصل پر ناتھا خان پل کے قریب تیز رفتار ویگو ڈالے کی مبینہ غفلت کے باعث اسکول وین سمیت چار گاڑیاں آپس میں ٹکرا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی تعداد تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

سرمایہ کاروں کی مجموعی تعداد 6 لاکھ 81 ہزار 965 ہوگئی، اکتوبر میں 25 ہزار 747 نئے سرمایہ کار شامل ہوئے

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی تعداد میں تاریخی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کے بعد حصص بازار سے منسلک سرمایہ کاروں کی مجموعی تعداد 6 لاکھ 81 ہزار 965 تک پہنچ گئی ہے۔ اس اضافے کو مالیاتی مارکیٹ میں عوامی دلچسپی اور سرمایہ کاری کے رجحان میں بہتری کا مظہر قرار دیا جا رہا ہے۔ وفاقی مشیر برائے اقتصادی و مالیاتی اصلاحات خرم شہزاد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اعلیٰ سطحی اجلاس: کرنسی نوٹوں کے نئے ڈیزائن، 10 روپے کے نوٹ کی جگہ سکہ متعارف کرانے کی منظوری کے ساتھ ساتھ وفاقی کابینہ نے وزیراعلیٰ کو تفویض شدہ اختیارات گورنر خیبر پختونخوا کو منتقل کرنے کی منظوری دے دی

KPK میں وزیراعلیٰ کے اختیارات گورنر کو مل گئے

وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں انتظامی امور کی سہل انجام دہی اور گورننس کی مزید بہتری کیلئے وزیراعلیٰ کو تفویض شدہ اختیارات کی صوبے میں ایمرجنسی کی مدت کے دوران روزمرہ کے امور کی انجام دہی کیلئے گورنر خیبر پختونخوا کو منتقلی کی منظوری

وفاقی کابینہ نے دس روپے کے بینک نوٹ کی جگہ دس روپے کا سکہ متعارف کرانے کی بھی منظوری بھی دے دی۔ وفاقی کابینہ نے کابینہ کمیٹی برائے حکومتی ملکیتی اداروں (CCOSOE) کے 26 اکتوبر کے اجلاس میں لئے گئے فیصلوں کی توثیق کر دی

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں انتظامی امور کی سہل انجام دہی اور گورننس کی مزید بہتری کیلئے وزیراعلیٰ کو تفویض شدہ اختیارات کی صوبے میں ایمرجنسی کی مدت کے دوران روزمرہ کے امور کی انجام دہی کیلئے گورنر خیبر پختونخوا کو منتقلی کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا، وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں انتظامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی کے شہریوں کا نئے صوبوں کے قیام اور شہر کو الگ صوبہ بنانے کا مطالبہ

گلیوں محلوں میں کوئی ترقیاتی کام نظر نہیں آتا، گٹر لائنیں خراب اور ہر طرف گندگی کے ڈھیر لگے ہیں، شہری

کراچی (این این آئی) کراچی کے شہریوں نے بڑھتی ہوئی آبادی اور انتظامی مسائل کے پیش نظر نئے انتظامی یونٹس اور صوبوں کے قیام کی حمایت کرتے ہوئے کراچی کو بھی الگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

کورنگی میں 34 سالہ شخص کی گھر سے پھندا لگی لاش برآمد

متوفی کی شناخت عبید ولد نصیر الدین کے نام سے ہوئی، ورثا پولیس کارروائی سے انکار کر کے لاش لے گئے

کراچی (این این آئی) کورنگی نمبر 2 کے علاقے میں ایک شخص نے مبینہ طور پر گلے میں پھندا لگا کر خودکشی کر لی۔ متوفی کی لاش گھر سے برآمد ہوئی، جسے ایدھی ایمبولینس کے ذریعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

اکتوبر گزشتہ 66 سال کے دوران پاکستان کا چھٹا گرم ترین مہینہ قرار

ملک کا اوسط درجہ حرارت معمول سے 1.2 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ ریکارڈ

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے اکتوبر 2026ء کو گزشتہ 66 سال کے دوران ملک کا چھٹا گرم ترین اکتوبر قرار دے دیا ہے۔ گزشتہ ماہ ملک کا اوسط درجہ حرارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کراچی میں بین الاقوامی منشیات نیٹ ورک کے 2 اہم کارندے گرفتار، لاکھوں روپے مالیت کی کوکین برآمد

کراچی (این این آئی) پولیس نے خفیہ اطلاع پر گلشن چورنگی کے قریب کارروائی کرتے ہوئے بین الاقوامی منشیات نیٹ ورک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

بلوچ کالونی پل کے قریب ٹرین کی زد میں آ کر 42 سالہ شخص جاں بحق

کراچی (این این آئی) بلوچ کالونی پل کے قریب ٹرین کی زد میں آ کر ایک شخص جاں بحق ہو گیا، جس کی شناخت 42 سالہ شاہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

کراچی: اسکریپ گودام میں ڈکیتی کرنیوالے پانچ رکنی گینگ کے 2 کارندے گرفتار

کراچی (این این آئی) سائٹ بی پولیس نے سائٹ ایریا میں اسکریپ کے گودام میں ڈکیتی کی واردات میں ملوث پانچ رکنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

خواتین پر تشدد کے معاملہ میں اسپیشل سرکاری ملازم کا محکمانہ احتساب بھی ہو سکتا ہے

سپریم کورٹ

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) سپریم کورٹ نے جواد عباسی کی اپیل خارج کر دی، جبری ریٹائرمنٹ کا بیوی کو آگ لگانے کے الزام میں آئی بی کے باورچی محکمانہ فیصلہ برقرار رکھا۔ جسٹس شاہد وحید نے تحریری فیصلے میں کہا سرکاری ملازم کی نجی زندگی کا کردار بھی محکمانہ احتساب کے دائرے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)



وزیراعلیٰ سندھ سے انٹرنیشنل ملٹی گروپ کے وفد کی ملاقات

پورٹ قاسم پر تل اور ارنڈی کے بیجوں کی پراسیسنگ کے لیے 50 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کا منصوبہ، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے مشترکہ حکمت عملی بنانے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے انٹرنیشنل ملٹی گروپ آف کمپنیز (آئی ایم جی سی) کے وفد نے ملاقات کی، جس میں زراعت، معدنی وسائل، سرمایہ کاری اور زرعی مصنوعات کی پراسیسنگ کے شعبوں میں تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

رہائشی پلاٹ کو کمرشل کرنیکا معاملہ، ایس بی سی اے کے 7 افسران کے وارنٹ گرفتاری جاری

این او سی کے اجرا میں مبینہ بے ضابطگیوں کا الزام، ڈی جی ایس بی سی اے مزمل ہالیپوٹو اور ایڈیشنل ڈائریکٹر فرحان قیصر بھی ذاتی حیثیت میں طلب، سماعت 12 نومبر تک ملتوی

کراچی (این این آئی) اینٹی کرپشن عدالت نے شہید ملت روڈ پر رہائشی پلاٹ کو کمرشل میں تبدیل کرنے کے لیے این او سی کے اجرا اور مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملے میں سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی اے) کے 7 افسران کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

کراچی میں ایف آئی اے کا حوالہ ہنڈی نیٹ ورک کیخلاف کریک ڈاؤن، 2 ملزمان گرفتار

جامع کلاتھ مارکیٹ میں کارروائی، ملزمان کے قبضے سے 25 لاکھ روپے نقدی، ڈیجیٹل آلات اور دیگر شواہد برآمد، فارن ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ کے تحت مقدمہ درج

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے اسٹیٹ بینک سرکل نے کراچی میں حوالہ ہنڈی کے غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

مراد علی شاہ سے جاز کیش پاکستان کے وفد کی خصوصی ملاقات

وزیراعلیٰ سندھ کا یوٹیلٹی بلز کی ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کو وسعت دینے پر زور، تیز رفتار آسان ذرائع فراہم کرنے پر غور کیا جائے

قیادت چیف ایگزیکٹو آفیسر مرتضیٰ علی نے کی، عارف چوہدری، مریم سونی، شہزاد عباسی، علی راشد، سندھ بینک کے ڈپٹی چیف سید اسد علی شاہ بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عوام کو یوٹیلٹی بلز کی ڈیجیٹل ادائیگی کی سہولت فراہم کرنے کے لیے صوبے کے ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کو وسعت دینے کے امکانات تلاش کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے یہ بات منگل کو وزیراعلیٰ ہاؤس میں جاز کیش پاکستان کے وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔ اجلاس میں سرکاری محصولات کی وصولی کے عمل کو مزید شفاف بنانے اور عوام کو سرکاری واجبات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے وزیراعلیٰ ہاؤس میں جاز کیش کے سی ای او مرتضیٰ علی کی قیادت میں آنے والے ایک وفد سے ملاقات کی۔



اسلام آباد سپریم اعلیٰ یو بی جی ایس ایم تنویر، صدر یو بی جی زبیر طفیل رکن مرکزی کوآرڈینیٹ یو بی جی احسن ظفر بخاوری سابق صدر ایف پی سی سی آئی زبیر احمد ملک صدر یو بی جی اسلام آباد و گلگت بلتستان عبدالروف عالم چیئرمین فاؤنڈر گروپ شیخ طارق صادق صدر یو بی جی پنجاب عامر عطا باجوہ، سیکرٹری جنرل یو بی جی سندھ حنیف گوہر گروپ لیڈر وہاڑی جیمبر زاہد اقبال چوہدری اور سابق صدر آئی سی سی آئی خالد اقبال، ملک احسن بخاوری کی جانب سے ایف پی سی سی آئی کے صدارتی امیدوار ایس ایم تنویر کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

FPCCI کی صدارت کیلئے نامزدگی میرے لیے ایک اعزاز ہے، ایس ایم تنویر

ظفر بخاوری اور احسن بخاوری کی محنت سے اسلام آباد میں ایف پی سی سی آئی الیکشن مہم کیلئے ای سی اور جی بی ممبران کے اتنے بڑے اکٹھ نے ہماری فتح پر مہر تصدیق ثبت کر دی

زبیر طفیل، عبدالرؤف عالم، محمد حنیف گوہر، طارق صادق نے کہا ایس ایم تنویر ایک محنتی، باصلاحیت اور متحرک کاروباری رہنما ہیں

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) سرپرست اعلیٰ یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ ایف پی سی سی آئی کی صدارت کے لیے نامزدگی میرے لیے ایک اعزاز ہے، کامیابی کے بعد ایسی باصلاحیت، فعال اور مضبوط ٹیم تشکیل دیں گے جو حکومت کے سامنے کاروباری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

صنعتی پہیہ چلانا ہے تو بجلی، گیس سستی کیجئے، ٹیکس شرح کم کرنا ہوگا، عبدالہادی

سیاسی عدم استحکام، معاشی سمت کے تعین سے صنعتکاروں کا اعتماد متاثر، بار بار پالیسیوں کا حصول دشوار ہوگا

ایسا مستحکم اور شفاف نظام تشکیل دیا جائے جو کاروباری طبقے کے لیے قابل اعتماد ہو، صدر سائٹ ایسوسی ایشن

کراچی (علیم نواب خان سے) سائٹ صنعتی ایریا کراچی کے صنعتکاروں نے حکومت سے زور دیا ہے کہ مہنگی توانائی، سیاسی عدم استحکام اور غیر مستقل معاشی پالیسیوں کے باعث صنعتی صنعت شدید دباؤ کا شکار ہے۔ انہوں نے واضح کیا ہے کہ اگر حکومت واقعی صنعتی پہیہ دوبارہ چلانا چاہتی ہے تو بجلی، گیس اور دیگر توانائی کی قیمتیں کم کرنا ہوں گی، ٹیکسوں کا فوری خاتمہ کرنا ہوگا۔ صنعتکاروں نے حکومت کو تجویز دی کہ معاشی سمت کے تعین اور صنعتی شعبے پر لانگ ٹرم اثرات کی جانب مبذول کراتے ہوئے کہا کہ صنعتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پی ٹی سی ایل نے محمد عامر صدیقی کو چیف فنانشل آفیسر مقرر کر دیا

فیلو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں اور انہیں پیشہ ورانہ شعبے میں 30 سال سے زائد کا تجربہ حاصل ہے

پی ٹی سی ایل گروپ میں ہیڈ آف اسٹریٹجی اینڈ ٹرانسفارمیشن کی ذمہ داریاں بھی انجام دیں

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) نے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بعد عامر صدیقی کو چیف فنانشل آفیسر (سی ایف او) مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے، وہ فوری طور پر اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ عامر صدیقی فیلو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں اور انہیں پیشہ ورانہ شعبے میں 30 سال سے زائد کا تجربہ حاصل ہے۔ انہیں مالیاتی انتظام، اسٹریٹجک منصوبہ بندی، ٹریژری، کارپوریٹ گورننس اور بزنس ٹرانسفارمیشن کے شعبوں میں وسیع مہارت حاصل ہے۔ ان کا پیشہ ورانہ سفر ٹیلی کمیونی کیشن کے شعبے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

گورنر سندھ سے سرکاری و نجی جامعات کے وائس چانسلرز کی ملاقات

جامعات کی گرانٹس میں اضافے، نجی جامعات کی وزیراعظم لیپ ٹاپ اسکیم میں شمولیت اور اعلیٰ تعلیم کے مسائل کے حل پر تبادلہ خیال

ڈاکٹر ایس ایم طارق رفیع، ڈاکٹر فتح محمد مری، ڈاکٹر طحہ حسین علی، ڈاکٹر الطاف علی سیال، ڈاکٹر یوسف خشک، ڈاکٹر آصف احمد شیخ، ڈاکٹر پروین منشی ملاقات میں شامل

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے سندھ کی سرکاری و نجی جامعات کے وائس چانسلرز کے وفد کی گورنر ہاؤس میں ملاقات۔ اس موقع پر چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن سندھ ڈاکٹر ایس ایم طارق رفیع بھی موجود تھے۔ ملاقات میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ، جامعات میں تحقیق و ریسرچ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

آن لائن تعلیم حاصل کرنے والے 60 فیصد افراد سائبر حملوں کا شکار

25 فیصد کو مالی نقصان کا سامنا، کیسپر سکی کی تحقیق میں انکشاف، 27 فیصد کو مشکوک پیغامات اور لنکس موصول ہوئے، 20 فیصد جعلی ویب سائٹس اور ایپلی کیشنز کا نشانہ بنے

کراچی (این این آئی) سائبر سیکیورٹی کمپنی کیسپر سکی کی ایک حالیہ تحقیق میں انکشاف ہوا ہے کہ گزشتہ 12 ماہ کے دوران آن لائن یا ہائبرڈ طریقے سے تعلیم حاصل کرنے والے تقریباً 60 فیصد افراد کو کم از کم ایک سائبر سیکیورٹی مسئلے کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ ان واقعات سے متاثرہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سندھ پولیس اور ایمپاور اسپورٹس اکیڈمی کا اشتراک، جونیئر گرلز والی بال دوستانہ مقابلے

7 ٹیموں کی موجودگی ڈی آئی جی ٹریفک کراچی سید پیر محمد شاہ کی شرکت، نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور مستقبل میں بھی کھیلوں کے مقابلے جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

کراچی (این این آئی) سندھ پولیس اسپورٹس بورڈ اور ایمپاور اسپورٹس اکیڈمی کے اشتراک سے پولیس گراؤنڈ، پی ایچ کیو گارڈن کراچی میں جونیئر گرلز والی بال کے دوستانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کراچی: کمسن بچی سے زیادتی اور قتل کے ملزم کی سزائے موت عمر قید میں تبدیل

سندھ ہائیکورٹ نے ملزم عرفان کی اپیل منظور کر لی، ماتحت عدالت نے جون 2026ء میں سزائے موت سنائی تھی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے کمسن بچی کو زیادتی کا نشانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

کراچی: سچل غازی گوٹھ میں 6 سالہ بچی کی لاش گھر کے باہر سے برآمد

کراچی (این این آئی) سچل غازی گوٹھ کے علاقے میں گھر کے باہر کھیلنے والی 6 سالہ بچی کی لاش برآمد ہوئی، جسے پولیس نے اسپتال منتقل کر دیا۔ والدین کے مطابق بچی کھیل رہی تھی کہ اسی دوران اس کا دوپٹہ دروازے میں پھنس گیا، جس کے باعث گلے میں پھندا لگنے سے اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کراچی سے لاپتا 2 خواتین کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر سماعت، ایک کی شادی کا انکشاف

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں شہر کے مختلف علاقوں سے لاپتا ہونے والی دو خواتین کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے قائد آباد سے لاپتا خاتون نسیمہ کے معاملے پر ڈی آئی جی ایسٹ اور سیکریٹری داخلہ سے رپورٹ طلب کر لی، جبکہ اورنگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

شہری کے شناختی کارڈ نمبر پر 29 مقدمات کا اندراج، ہائیکورٹ میں درخواست دائر

ہم نام ملزم کے جرائم کا ریکارڈ درخواست گزار کے شناختی کارڈ سے منسلک کرنے کا الزام

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں ایک شہری کے شناختی کارڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

کراچی میں گھریلو صارفین کے لیے گیس فراہمی کے اوقات تبدیل

سوئی سدرن گیس کا نیا شیڈول جاری، صبح، دوپہر اور شام کے اوقات میں گیس فراہم کی جائے گی

کراچی (این این آئی) شہر میں گھریلو صارفین کے لیے گیس کی فراہمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)



گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے سندھ کی سرکاری و نجی جامعات کے وائس چانسلرز کا وفد گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہا ہے، اس موقع پر چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن سندھ ڈاکٹر ایس ایم طارق رفیع اور پرنسپل سیکریٹری ٹو گورنر سندھ ڈاکٹر سید سیف الرحمان بھی موجود ہیں



کراچی: کمیونٹی پولیسنگ کراچی کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار کے موقع پر آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کو مراد سونی شیلڈ پیش کر رہے ہیں اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان بھی موجود ہیں

روزنامہ
قوم کی آواز
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
کراچی
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے GROUP OF PUBLICATION
چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰ ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

پاک چین آہنی دوستی۔۔۔۔!

چین کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی محکمے (آئی ڈی سی پی سی) کے وزیر لیو ہائی شینگ نے وفد کے ہمراہ وزیر اعظم شہباز شریف، نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ اِن ملاقاتوں میں دونوں ممالک کے درمیان ہر موسم میں آزمودہ تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے اور اعلیٰ سطح کے مسلسل روابط برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وزیر اعظم سے ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا اور دوطرفہ و کثیر الجہتی فورموں پر قریبی رابطے اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ وزیر اعظم نے چین کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کی آہنی دوستی باہمی اعتماد، احترام اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان گہرے روابط پر استوار ہے اور یہ تاریخی و آزمودہ تعلقات ہر آزمائش پر پورے اُترے ہیں۔ اُنہوں نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لئے مسلسل سیاسی روابط اور دونوں ممالک کی سیاسی جماعتوں کے درمیان وفود کے تبادلوں کی اہمیت پر زور دیا اور سیاسی قیادت کے درمیان ادارہ جاتی روابط کے فروغ میں چینی کمیونسٹ پارٹی کے بین الاقوامی محکمے کے کردار کو سراہا۔ اُنہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، علاقائی روابط، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور زرعی شعبے میں جدت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لئے دونوں ممالک کی مشترکہ خواہش کو بھی سراہا۔ لیو ہائی شینگ نے چین کی قیادت کی جانب سے وزیر اعظم کے لئے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا اور دیرینہ دوستی کو مزید گہرا کرنے کے چین کے عزم کا اعادہ کیا۔ اُنہوں نے اعلیٰ سطح کے روابط اور سیاسی جماعتوں کے مابین تبادلہء خیال میں ہونے والی پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ جنرل ہیڈ کوارٹر (جی ایچ کیو) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ہونے والی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی اور عالمی سلامتی کی بدلتی صورتحال اور دونوں ممالک کے درمیان تزویراتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر غور کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق دونوں شخصیات نے تاریخی اور آزمودہ تزویراتی شراکت داری کو مستحکم کرنے، اعلیٰ سطح کے مسلسل روابط اور ادارہ جاتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا اور باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے تاریخی تعلقات وقت کی ہر کسوٹی پر پورے اُترے ہیں جبکہ مہمان وزیر نے علاقائی امن اور استحکام کے فروغ کے لئے پاکستان کی خدمات کا اعتراف کیا۔ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات میں لیو ہائی شینگ نے چین کے وزیر خارجہ وانگ ای کی جانب سے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا جس کا گرمجوشی سے جواب دیتے ہوئے پاکستانی قیادت کی طرف سے چین کے صدر شی جن پنگ کے لئے بھی نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے چین کے ساتھ ہر آزمائش پر پورا اترنے والی تزویراتی شراکت داری کو مزید فروغ دینے کے مستقل عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے ثقافتی روابط کو وسعت دینے، عوامی سطح پر تبادلوں کو فروغ دینے، دوطرفہ تعلقات میں مثبت پیش رفت آگے بڑھانے اور باہمی رابطوں و قریبی ہم آہنگی کو برقرار رکھنے کے طریقوں پر بھی بات چیت کی۔ پاک چین تعلقات گزشتہ 75 برس سے باہمی اعتماد، احترام اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر استوار ہیں۔ دونوں ممالک کی دوستی محض سفارتی اور دفاعی تعاون تک محدود نہیں بلکہ وقت کے ساتھ معاشی شراکت داری کی مضبوط شکل بھی اختیار کر چکی ہے۔ اِس تعاون کا سب سے نمایاں مظہر چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) ہے جس کے پہلے مرحلے میں چین نے پاکستان میں کم و بیش 25 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی اور 40 سے زائد منصوبے مکمل کیے۔



سندھ بھر میں قائم بلڈ بینکس کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے، ڈاکٹر درناز جمال

غیر معیاری سہولیات، تربیت یافتہ عملے کی عدم موجودگی اور خون کی اسکریننگ میں غفلت برتنے والے بلڈ بینکس کو پہلے اصلاحی نوٹس اور وارننگ جاری کی جاتی ہے



میر پور خاص (رپورٹ/ خاور انیس) سندھ بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی کی سیکریٹری ڈاکٹر درناز جمال نے کہا ہے کہ سندھ بھر میں قائم بلڈ بینکس کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے، غیر معیاری سہولیات، تربیت یافتہ عملے کی عدم موجودگی اور خون کی اسکریننگ میں غفلت برتنے والے بلڈ بینکس کو پہلے اصلاحی نوٹس اور وارننگ جاری کی جاتی ہے جبکہ بہتری نہ لانے کی صورت میں ان کی سرگرمیاں معطل کردی جاتی ہیں اس وقت سندھ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

جمعیت علماء اسلام کے قائد مولانا فضل الرحمان کے گھر کی چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرنے اور ان میڈیا ٹرائل کیخلاف نیشنل پریس کلب کنری پر احتجاج ریکارڈ



کنری (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے قائد مولانا فضل الرحمان کے گھر کی چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرنے اور ان میڈیا ٹرائل کیخلاف نیشنل پریس کلب کنری پر احتجاج ریکارڈ کرواتے ہوئے جماعت علماء اسلام تعلقہ کنری کے جنرل سیکریٹری مولانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

ایپکا پاکستان (شہید ساقی) سندھ کی جانب سے میر پور خاص ڈویژن کی چیف ایگزیکٹو باڈی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) ایپکا پاکستان (شہید ساقی) سندھ کی جانب سے میر پور خاص ڈویژن کی چیف ایگزیکٹو باڈی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا، ملازمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



کمشنر میر پور خاص ڈویژن شہمیر خان بھٹو کی زیر صدارت دیوالی کے انتظامات اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے حوالے سے ایک اہم اجلاس



میر پور خاص (پیرو چیف: خاور انیس) کمشنر میر پور خاص ڈویژن شہمیر خان بھٹو کی زیر صدارت دیوالی کے انتظامات اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے حوالے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

کراچی میں اساتذہ کے ساتھ ناروا سلوک انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے، چیئرمین میر پور خاص ٹیسٹنگ سروس محمد ناصر اقبال

میر پور خاص (رپورٹ/ خاور انیس) میر پور خاص ٹیسٹنگ سروس کے چیئرمین محمد ناصر اقبال نے کراچی پریس کلب کے باہر اساتذہ کے ساتھ روا رکھے جانے والے مبینہ توہین آمیز اور ناروا سلوک کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انتہائی افسوسناک اور معاشرتی اقدار کے منافی قرار دیا ہے۔ محمد ناصر اقبال نے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ استاد کسی بھی قوم کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ابنِ سینا یونیورسٹی کے زیرِ انتظام محمد میڈیکل کالج اسپتال میں جنرل میڈیکل او پی ڈی کے تحت ڈینٹل او پی ڈی کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا

میر پور خاص (رپورٹ/ خاور انیس) ابنِ سینا یونیورسٹی کے زیرِ انتظام محمد میڈیکل کالج اسپتال میں جنرل میڈیکل او پی ڈی کے تحت ڈینٹل او پی ڈی کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا جہاں شہریوں کو دانتوں کے امراض کی تشخیص، معائنے اور علاج کی جدید سہولیات فراہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

خدمتِ انسانیت ویلفیئر ایسوسی ایشن رجسٹرڈ خیر پور کی جانب سے خیر پور علاقے بھرگڑی میں مرحوم حاجی امام بخش پھلپوٹو کی یاد میں فری جنرل میڈیکل کیمپ



خیر پور (نمائندہ سجاد حسین شر) خدمتِ انسانیت ویلفیئر ایسوسی ایشن رجسٹرڈ خیر پور کی جانب سے خیر پور علاقے بھرگڑی میں مرحوم حاجی امام بخش پھلپوٹو کی یاد میں فری جنرل میڈیکل کیمپ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

راشد محمود سومرو کی مولانا فضل الرحمٰن کی مبینہ جائیدادوں کے دعوے کرنے والے اینکرز کو کھلا چیلنج، 75 فیصد اثاثے دینے کی پیشکش

جیکب آباد (رپورٹ/ محمد علی راجپوت) جمعیت علماء اسلام سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی مبینہ جائیدادوں سے متعلق ٹی وی چینلز اور سوشل میڈیا پر نشر ہونے والے دعوؤں پر طنزیہ ردعمل دیتے ہوئے اینکرز، چینل مالکان اور فرمائشی پروگرام کرنے والوں کو کھلا چیلنج دے دیا ہے۔ علامہ راشد محمود سومرو نے کھرب پتی بننے کی دلچسپ پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ اگر مولانا فضل الرحمٰن کی اتنی ہی جائیدادیں ہیں تو تمام مبینہ اثاثے ایک جگہ جمع کرکے ان کے نقشے، رجسٹریاں، ملکیتی کاغذات اور اصل ملکیت عوام کے سامنے لائی جائے۔ سامنے آنے والی جائیدادوں میں سے 25 فیصد مولانا فضل الرحمٰن جبکہ 75 فیصد دعوے کرنے والے اینکرز اور چینل مالکان کو دے دیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹوڈیوز میں بیٹھ کر جائیدادوں کی من گھڑت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

سندھ حکومت نے نومبر کے لیے گندم کا اجراء کوٹہ مختص کردیا، 12 ہزار 500 میٹرک ٹن گندم فراہم کی جائے گی

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) محکمہ خوراک سندھ نے نومبر 2026ء کے لیے آٹے اور چکیوں کو گندم کی فراہمی کا کوٹہ مختص کرتے ہوئے صوبے کے چھ ریجنز کے لیے مجموعی طور پر ایک لاکھ 86 ہزار میٹرک ٹن گندم جاری کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ خوراک کی جانب سے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق مختص کردہ گندم میں سے ایک لاکھ 59 ہزار میٹرک ٹن فلور ملز جبکہ 27 ہزار میٹرک ٹن آٹا چکیوں کو فراہم کی جائے گی۔ گندم کا کوٹہ کراچی، حیدرآباد، میر پور خاص، شہید بینظیر آباد، سکھر اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

میڈی کیم گروپ انڈر 15، 17 اور 19 ٹورنامنٹ کے علاوہ آر سی اے کراچی کے دیگر ٹورنامنٹس کو بھی اسپانسر کرے گا، ظفر ریاض باری



کراچی (اسپورٹس رپورٹر/ کاشف احمد فاروقی) میڈی کیم گروپ انڈر 15، 17 اور 19 ٹورنامنٹس کے علاوہ بھی رینجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے دیگر کرکٹ ٹورنامنٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیز گام	5:30	9:55



کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
بانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

شیخ احمد بن سعود القاسمی نے راس الخیمہ میں زاید نیشنل میوزیم کی سفری نمائش کا افتتاح کردیا

شیخ احمد بن سعود بن صقر القاسمی نے الجزیرہ الحمراء ہیریٹیج ویلج میں نمائش کا افتتاح کیا، زاید نیشنل میوزیم اور محکمہ آثارِ قدیمہ کے اشتراک سے اہتمام کیا گیا

نمائش میں شیخ زاید بن سلطان النہیان اور شیخ صقر بن محمد القاسمی کے مشترکہ وژن، زرعی ترقی اور جدت کے سفر کو اجاگر کیا گیا

31 مارچ 2027ء تک جاری رہنے والی نمائش میں روایتی آبپاشی نظام، زرعی آلات اور متحدہ عرب امارات کے ثقافتی ورثے کی عکاسی کی گئی



راس الخیمہ (ویب ڈیسک) راس الخیمہ کے محکمہ پبلک سروسز کے چیئرمین شیخ احمد بن سعود بن صقر القاسمی نے الجزیرہ الحمراء ہیریٹیج ویلج میں زاید نیشنل میوزیم کی سفری نمائش کا افتتاح کردیا۔ یہ نمائش راس الخیمہ کے محکمہ آثارِ قدیمہ اور عجائب گھروں کے تعاون سے منعقد کی گئی ہے، جس کا موضوع ''مشترکہ وژن: جدت اور زراعت'' رکھا گیا ہے۔ نمائش 31 مارچ 2027ء تک جاری رہے گی، جس میں متحدہ عرب امارات کے بانی مرحوم شیخ زاید بن سلطان النہیان اور مرحوم شیخ صقر بن محمد القاسمی کے مشترکہ وژن اور زرعی ترقی کے لیے ان کی کوششوں کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا ہے۔ نمائش میں 1948ء سے 2010ء کے دوران اماراتی معاشرے میں جدت کے کردار اور زرعی شعبے میں ہونے والی تبدیلیوں کو نمایاں کیا گیا ہے۔ اس موقع پر روایتی آبپاشی کے نظام، خصوصاً فلج کے ذریعے پانی کی فراہمی سے لے کر العین، سعدیات جزیرے اور راس الخیمہ کے علاقے دقداقہ میں قائم تجرباتی زرعی فارم تک ترقی کے سفر کو پیش کیا گیا ہے۔ یہ تمام پیش رفت بیسویں صدی کے دوران متحدہ عرب امارات میں زراعت کے ارتقا کی عکاسی کرتی ہے۔ افتتاح کے بعد شیخ احمد بن سعود القاسمی نے نمائش کا دورہ کیا اور وہاں رکھی گئی تاریخی نوادرات، برتنوں، زرعی آلات اور پانی کے انتظام و استعمال سے متعلق مختلف اشیاء کا مشاہدہ کیا۔ یہ اشیاء امارات میں روایتی کاشت کاری کے طریقوں اور آبی وسائل سے استفادے کے مختلف ادوار کو دستاویزی شکل میں پیش کرتی ہیں۔ نمائش میں اس علم، تجربے اور مہارت کو بھی اجاگر کیا گیا ہے جن کی مدد سے سابقہ نسلوں نے مقامی ماحول کے مطابق خود کو ڈھالا اور دستیاب قدرتی وسائل کو اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کیا۔ ان تاریخی شواہد کے ذریعے زراعت، پانی کے تحفظ اور مقامی وسائل کے بہتر استعمال میں جدت کی اہمیت کو نمایاں کیا گیا ہے۔ زاید نیشنل میوزیم کی جانب سے اس سفری نمائش کا انعقاد عوام کو متحدہ عرب امارات کی تاریخ اور مختلف امارات کے ثقافتی ورثے سے روشناس کرانے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ اس کا مقصد ملک کی مشترکہ قومی تاریخ کے ساتھ ہر امارت کی منفرد ثقافتی شناخت کو بھی اجاگر کرنا ہے۔ یہ نمائش دبئی، عجمان اور فجیرہ میں پہلے منعقد کی جانے والی اسی نوعیت کی نمائشوں کا تسلسل ہے، جن کے ذریعے متحدہ عرب امارات کی مختلف امارات کے تاریخی پس منظر، روایات اور ثقافتی خصوصیات کو عوام کے سامنے پیش کیا گیا تھا۔ راس الخیمہ میں اس نمائش کے انعقاد سے بھی مقامی تاریخ، زرعی ترقی اور قومی ورثے کے اہم پہلوؤں کو نمایاں کرنے کا موقع فراہم کیا گیا ہے۔

☆☆☆



عالمی سیاحتی منڈی لندن 2026ء میں امارات کی شرکت، عبداللہ بن طوق المری کی سیاحت کے فروغ کیلئے اہم ملاقاتیں

عبداللہ بن طوق المری نے عالمی وزرائے سیاحت سے ملاقاتیں کیں، پائیدار سرمایہ کاری، ڈیجیٹل تبدیلی اور سیاحتی شعبے میں تعاون بڑھانے پر زور دیا

بھارت کے گجیندر سنگھ شیخاوت، یونان کی اولگا کیفالوجیانی، بلغاریہ کے ایلین دیمیتروف سے سیاحت اور مشترکہ منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا

کروشیا کے ٹونچی گلاوینا اور پرتگال کے پیڈرو ماچاڈو سے سیاحتی روابط، فضائی رابطوں اور تجربات کے تبادلے پر بات چیت ہوئی



لندن (ویب ڈیسک) متحدہ عرب امارات کی وزارتِ معیشت و سیاحت نے عالمی سفری منڈی (ورلڈ ٹریول مارکیٹ) لندن 2026ء کے تحت 4 نومبر کو منعقد ہونے والے وزارتی سربراہی اجلاس میں شرکت کی۔ یہ اجلاس اقوام متحدہ کے عالمی سیاحتی ادارے (یو این ٹورازم) اور عالمی سفر و سیاحت کونسل (ڈبلیو ٹی سی) کے اشتراک سے برطانیہ کے دارالحکومت لندن میں منعقد ہوا، جس میں دنیا بھر کے وزرائے سیاحت، سیاحتی صنعت کی اہم شخصیات اور نجی شعبے کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیاحت کے شعبے میں زیادہ جامع اور لچکدار سرمایہ کاری کے ماڈلز متعارف کرانے، سیاحتی مقامات کی کشش بڑھانے، قوانین اور ضوابط کو جدید بنانے، ڈیجیٹل تبدیلی اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے، انسانی وسائل کی ترقی اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے مواقع پر غور کیا گیا۔ شرکاء نے متنوع اور پائیدار سیاحتی معیشتوں کے فروغ کے لیے سرکاری اور نجی شعبوں کے درمیان شراکت داری مضبوط بنانے کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ متحدہ عرب امارات کے وزیرِ معیشت و سیاحت عبداللہ بن طوق المری نے کہا کہ ملک کی دانشمند قیادت کے وژن اور ہدایات کے مطابق امارات نے سیاحت کے شعبے کی ترقی کے لیے مستقبل پر مبنی حکمت عملی اختیار کی ہے، جس کی بنیاد مضبوطی، جدت اور تنوع پر ہے۔ یہ حکمت عملی علاقائی اور عالمی تبدیلیوں سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ سیاحتی شعبے کی طویل مدتی ترقی اور مسابقتی صلاحیت برقرار رکھنے میں مددگار ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وژن کو عملی شکل دینے کے لیے امارات نے جدید ترین سیاحتی بنیادی ڈھانچہ قائم کیا، لچکدار قوانین اور پالیسیاں متعارف کرائیں، فضائی رابطوں کے نیٹ ورک کو وسعت دی، ڈیجیٹل تبدیلی کے عمل کو تیز کیا اور سیاحتی سرگرمیوں میں پائیدار طریقوں کو فروغ دیا ہے۔ عبداللہ بن طوق المری کے مطابق اجلاس میں شرکت عالمی وزرائے سیاحت اور صنعت کے رہنماؤں سے رابطوں، مستقبل کے رجحانات کا جائزہ لینے، زیادہ مضبوط اور مسابقتی سیاحتی ماڈلز پر تبادلہ خیال اور سرکاری و نجی شعبوں کے درمیان شراکت داری کو مستحکم کرنے کا اہم موقع فراہم کرتی ہے۔ اس کے ذریعے جدت، ٹیکنالوجی اور انسانی صلاحیتوں کی ترقی کے امکانات سے بھی فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ متحدہ عرب امارات کی سیاحتی حکمت عملی 2031ء کے تحت قومی کوششیں جدت اور مصنوعی ذہانت کے استعمال، ڈیجیٹل تبدیلی، سیاحتی اعداد و شمار کے نظم و نسق اور انسانی وسائل کی تربیت و ترقی کے لیے مخصوص اقدامات کو آگے بڑھا رہی ہیں۔ موجودہ حالات میں امارات سیاحت کو وسیع تر معاشی تنوع کے ماڈل کا لازمی حصہ سمجھتا ہے، جس کے روابط ہوا بازی، معیشت، ٹیکنالوجی، ثقافت اور تخلیقی معیشت جیسے اہم شعبوں سے منسلک ہیں۔



بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

تقریباً 270 بلڈ ٹینس اتھارٹی کے ساتھ رجسٹرڈ یا عارضی اجازت نامے پر کام کررہے ہیں جن میں سرکاری، نجی اور غیر سرکاری ادارے شامل ہیں ڈاکٹر ورتاز جمال نے میر پور خاص میں لیبارٹری کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلڈ ٹینکس کے قیام اور اجازت نامے کے لیے عالمی ادارہ صحت (WHO) اور امریکن ایسوسی ایشن آف بلڈ بینکس (AABB) کے مقرر کردہ اصولوں کو مدنظر رکھا جاتا ہے جن میں عمارت کی جگہ، انفرا اسٹرکچر، تربیت یافتہ عملے، ہائیرین اور جدید آلات کی دستیابی شامل ہے اتھارٹی کی ٹیمیں وقتاً فوقتاً بلڈ ٹینکس کا معائنہ کرتی ہیں جبکہ بعض اداروں کا سال میں متعدد مرتبہ دورہ بھی کیا جاتا ہے معمولی خامیوں پر اصلاحی سفارشات، جبکہ سنگین کوتاہیوں پر وارننگ جاری کی جاتی ہے اور مقررہ مدت میں بہتری نہ آنے پر بلڈ بینک کی سرگرمیاں معطل کردی جاتی ہیں انہوں نے بتایا کہ خون عطیہ کرنے والے ہر فرد کے خون کی ہیاٹائٹس بی، ہیاٹائٹس سی، ایچ آئی وی، آتشک اور ملیریا سمیت پانچ بیماریوں کی اسکریننگ ضروری ہے بلڈ بینکس میں کم از کم ایلیسا (ELISA) مشین کی موجودگی لازمی ہے جبکہ اس سے جدید ہی ایل آئی اے (CLIA) اور نیٹ (NAT) ٹیسٹنگ کے ذریعے مزید بہتر نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ صرف کٹس کے ذریعے خون کی اسکریننگ کے طریقہ کار کو حوصلہ شکنی کی جاتی ہے اور خلاف ورزی کرنے والے اداروں کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے ڈاکٹر ورتاز جمال نے مزید بتایا کہ سندھ بھر میں خون عطیہ کرنے والے افراد میں تقریباً 5 فیصد ایسے ہوتے ہیں جن میں مذکورہ پانچ بیماریوں میں سے ایک یا ایک سے زائد بیماریوں کے ٹیسٹ مثبت آتے ہیں۔

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

کے حقوق کے تحفظ اور نظیمی استحکام کے لیے اہم پیش رفت تصفیلات کے مطابق آل پاکستان کلرکس، پنشنرز ایسوسی ایشن ایسوسی ایشن (لیہ کا ہوکر پاکستان شہید ساتی) سندھ کی جانب سے میر پور خاص ڈویژن کی چیف ایگزیکٹو باڈی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا نوٹیفکیشن 22 اکتوبر 2026 کو منعقدہ اجلاس میں تنظیمی رہنماؤں اور میر پور خاص ڈویژن کے ملازمین کی مشاورت اور فیصلوں کی روشنی میں جاری کیا گیا ہے، جس کی منظوری مرکزی قیادت اور صوبائی قیادت کی رضامندی سے دی گئی نوٹیفکیشن کے مطابق سلیم خان چیئرمین، شمریز خان وائس چیئرمین، سید عابد علی صدر، ملک عبدالستار نائب صدر، کامران نار بجنرل سکریٹری، قادر بخش خاصخیلی خازن اور دیگر عہدیدار شامل ہیں ڈویژن کی ایگزیکٹو باڈی دو سال کے لیے تشکیل دی گئی ہے جس کا مقصد ڈویژن بھر کے سرکاری ملازمین، پنشنرز اور مختلف سرکاری محکموں سے وابستہ افسران و ملازمین کے جائز حقوق، فلاح و بہبود، عزت و وقار اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے موثر کردار ادا کرنا ہے نوٹیفکیشن میں مختلف محکموں سے تعلق رکھنے والے ملازمین کو تنظیمی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں تاکہ ڈویژن کے تمام اضلاع اور محکموں میں تنظیمی رابطوں کو مضبوط بنایا جاسکے اور ملازمین کے مسائل کو متعلقہ حکام تک موثر انداز میں پہنچایا جاسکے اس حوالے سے تنظیمی قیادت کا کہنا ہے کہ لیہ کا شہید ساتی کسی سیاسی جماعت کا پلیٹ فارم نہیں بلکہ سرکاری ملازمین کے جائز حقوق، معاشی بہتری، فلاح و بہبود اور عزت و وقار کے تحفظ کے لیے ایک نمائندہ تنظیم ہے تنظیم آئین، قانون اور اپنے منشور کے مطابق ملازمین کے مسائل کے حل کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی مزید کہا گیا کہ صرف کٹس کے ذریعے خون کی اسکریننگ کے طریقہ کار کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے اور خلاف ورزی کرنے والے اداروں کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے ڈاکٹر ورتاز جمال نے مزید بتایا کہ سندھ بھر میں خون عطیہ کرنے والے افراد میں تقریباً 5 فیصد ایسے ہوتے ہیں جن میں مذکورہ پانچ بیماریوں میں سے ایک یا ایک سے زائد بیماریوں کے ٹیسٹ مثبت آتے ہیں۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

ٹیسٹوں کا خرچہ مریض کے ذمے ہوتا ہے جب کہ ہمارے ادارے میں ٹیسٹ مفت کیے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہمارا ادارہ خون کی اسکریننگ کے جدید ترین آلات سے لیس ہے اور ہم ہر عطیہ دہندہ کے خون کا مکمل ٹیسٹ کرتے ہیں تاکہ کسی بھی متاثرہ خون سے مریض محفوظ رہے ڈاکٹر ورتاز جمال نے کہا کہ ہم عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ صرف محفوظ اداروں سے خون لیں اور غیر تربیت یافتہ عملے سے ہرگز خون نہ لگوائیں انہوں نے کہا کہ ہمارے ادارے میں خون کی ہر بوتل کو مختلف مراحل سے گزارا جاتا ہے تاکہ مریض تک صرف محفوظ خون پہنچے ہمارا مقصد صرف خون فراہم کرنا نہیں بلکہ ہر مریض کو محفوظ خون فراہم کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

ایک اہم اجلاس کمشنر ایمپلی ہال میں منعقد ہوا۔ جس میں ڈی آئی جی میر پور خاص فیصل عبداللہ چاچڑ، ڈپٹی کمشنر میر پور خاص نواب سمیر لغاری اور ایس ایس پی میر پور خاص ساجد عامر نے خصوصی شرکت کی اور دیوالی کے موقع پر ہندو برادری کو پر امن ماحول فراہم کرنے کے لیے مکمل تعاون اور مؤثر حفاظتی انتظامات کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس میں ہندو برادری کی عبادت گاہوں اور دیوالی کی تقریبات کے مقامات پر سخت حفاظتی انتظامات، صفائی ستھرائی اور تمام ضروری شہری سہولیات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈی آئی جی فیصل عبداللہ چاچڑ اور ایس ایس پی ساجد عامر نے پولیس کی جانب سے سخت حفاظتی انتظامات اور مکمل تعاون یقینی بنانے کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس میں ہندو برادری کی سماجی شخصیات، مختلف مندروں کے نمائندوں اور مقامی معززین نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سمیر لغاری نے کہا کہ دیوالی کے موقع پر ہندو برادری کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور کسی بھی قسم کی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ضلعی انتظامیہ مکمل طور پر تیار ہے۔ ایس ایس پی ساجد عامر نے کہا کہ پولیس کی جانب سے حساس مقامات پر اضافی نفری تعینات کی جائے گی اور ہر ممکن اقدام کیا جائے گا تاکہ تہوار امن و سکون کے ساتھ منایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

معمار اور معاشرے کا قابلِ احترام فرد ہوتا ہے۔ دنیا کی تمام مہذب قومیں اپنے اساتذہ کو عزت، وقار اور احترام دیتی ہیں، لیکن بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں قوم کے معماروں کو اپنے جائز حقوق کے لیے سڑکوں پر آنا پڑتا ہے اور ان کے مسائل سننے کے بجائے ان کے ساتھ توہین آمیز رویہ اختیار کیا جاتا ہے، جو نہایت تشویش ناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس معاشرے میں استاد کی عزت و وقار محفوظ نہ ہو وہاں تعلیم کے فروغ اور روشن مستقبل کے خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتے۔ اساتذہ کی تذلیل دراصل پوری قوم، تعلیمی نظام اور آنے والی نسلوں کی تذلیل کے مترادف ہے۔ محمد ناصر اقبال نے مزید کہا کہ اساتذہ اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کریں تو حکومت کی ذمہ داری ہے کہ ان کے مطالبات کو سنجیدگی سے سنے اور مسائل کو مذاکرات کے ذریعے حل کرے، نہ کہ ان کی آواز کو دبانے کی کوشش کی جائے۔ انہوں نے وزیرِ اعلیٰ سندھ، وزیرِ تعلیم سندھ اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ کراچی پریس کلب کے باہر اساتذہ کے ساتھ پیش آنے والے واقعے کا فوری اور شفاف نوٹس لیا جائے، ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ آخر میں محمد ناصر اقبال نے کہا کہ میر پور خاص ٹینسنگ سروس اساتذہ کی عزت، وقار اور جائز حقوق کے تحفظ کے لیے ان کے ساتھ کھڑی ہے اور ہر سطح پر اساتذہ کے احترام اور حقوق کے لیے آواز بلند کرتی رہے گی۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

لازکانہ ریجنز کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق میر پور خاص ریجن کے لیے مجموعی طور پر 12 ہزار 500 میٹرک ٹن گندم مختص کی گئی ہے، جس میں 5 ہزار میٹرک ٹن فلور ملز جبکہ 7 ہزار 500 میٹرک ٹن آٹا چکیوں کو فراہم کی جائے گی۔ میر پور خاص ریجن کے کوٹے میں پرائی فصل کے ذخائر اور پاکستان ایگریکلچرل اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن (پاسکو) کی گندم بھی شامل ہے۔ یہ گندم نواب شاہ، خیر پور ناتھن اور حیدرآباد زون کے متعلقہ ذخائر سے پیٹھی ادائیگی اور اپنی نقل و حمل کے انتظامات اور تکمیل تعاون یقینی بنانے پر فراہم کی جائے گی۔ اس مقصد کے لیے ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ کے متعلقہ افسران پر مشتمل ٹیمیں پاسکو گندم کی منتقلی اور انتظامی امور کی نگرانی کریں گی۔ حیدرآباد ریجن کے لیے 27 ہزار میٹرک ٹن گندم مختص کی گئی ہے، جس میں 20 ہزار میٹرک ٹن فلور ملز اور 7 ہزار میٹرک ٹن آٹا چکیوں کے لیے رکھی گئی ہے۔ شہید بینظیر آباد ریجن کو 12 ہزار 500 میٹرک ٹن گندم فراہم کی جائے گی، جس میں 9 ہزار میٹرک ٹن فلور ملز جبکہ 3 ہزار 500 میٹرک ٹن آٹا چکیوں کے لیے مختص ہیں۔ کراچی ریجن کے لیے سب سے زیادہ ایک لاکھ 20 ہزار میٹرک ٹن گندم کا کوٹہ مقرر کیا گیا ہے، جس میں ایک لاکھ 15 ہزار میٹرک ٹن فلور ملز اور 5 ہزار میٹرک ٹن آٹا چکیوں کے لیے شامل ہیں۔ کراچی میں فلور ملز کو درآمد شدہ گندم پیٹھی اور اپنی ٹرانسپورٹ کے ذریعے محکمہ خوراک کے انتظام کے تحت فراہم کی جائے گی، جبکہ آٹا چکیوں کو فیس اور لاٹھی کے گوداموں میں موجود پرانی فصل کی گندم دی جائے گی۔ سکھر اور لاڑکانہ ریجنز کے لیے الگ الگ 7 ہزار میٹرک ٹن گندم مختص کی گئی ہے۔ دونوں ریجنز میں سے ہر ایک کو 5 ہزار میٹرک ٹن گندم فلور ملز جبکہ 2 ہزار میٹرک ٹن آٹا چکیوں کے لیے فراہم کی جائے گی۔ ان دونوں ریجنز کو گندم پرانے ذخائر سے جاری کی جائے گی۔ محکمہ خوراک سندھ کے نوٹیفکیشن میں ہدایت کی گئی ہے کہ کھلے مقامات یا کرائے پر حاصل کیے گئے گوداموں میں موجود گندم کے ذخائر کو ترجیحی بنیادوں پر استعمال کیا جائے۔ محکمہ خوراک نے نومبر 2026ء ۔ II کے دوران صوبے بھر میں گندم کی فراہمی کا نظام مقررہ کوٹے اور پالیسی کے مطابق چلانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

کو اسپانسر کرے گا۔ آرسی اے کراچی کے عہدیداران نے جس محنت اور لگن کے ساتھ انڈر 15 اور انڈر 17 ٹورنامنٹس کا کامیاب انعقاد کیا ہے، وہ قابلِ تحسین ہے۔ ان خیالات کا اظہار میڈیا کیم گروپ آف کمپنیز کے ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ ایکسٹرنل افیئرز ظفر ریاض باری نے نیا ہائم آباد جم خانہ گراؤنڈ میڈیا کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے منعقد کردہ آرسی اے کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے آخری مرحلے میڈیا کیم ٹرافی انڈر 19 انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ادارہ مستقبل میں بھی نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ اس موقع پر بینظیر ایکسٹرنل افیئرز ظفر ریاض باری نے نیا ہائم آباد جم خانہ گراؤنڈ میں آرٹھوڈنٹس، آپٹیزٹ ڈینٹسٹری، اورل اینڈ میکسیلوفیشل سرجری سمیت ڈینٹسٹری کے مختلف شعبوں کے ماہر کنسلٹنٹس اور اسپیشلسٹس مریضوں کو خدمات فراہم کریں گے یہاں مریضوں کو ابتدائی مشاورت اور ڈینٹل چیک اپ بالکل مفت فراہم کیا جائے گا جبکہ دیگر ضروری علاج اور ڈینٹل پروسیجرز بھی رعایتی نرخوں پر، تقریباً لاگت کی بنیاد پر کیے جائیں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد ان سہولیات سے فائدہ اٹھاسکیں ڈینٹل او پی ڈی کے اوقات کار صبح 8:30 بجے سے دوپہر 3:00 بجے تک مقرر کیے گئے ہیں اس موقع پر شریوں کی سہولت کے حوالے سے ایک اور اہم پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے بتایا گیا کہ محمد میڈیکل کالج تک پیلپز بس سروس کی رسائی بھی شروع ہوچکی ہے جو مختلف اسٹاپس سے ہوتی ہوئی کالج کے مرکزی گیٹ تک پہنچتی ہے اس سہولت سے بالخصوص وہ افراد فائدہ اٹھاسکیں گے جو اپنی ٹرانسپورٹ کے اخراجات برداشت نہیں کرسکتے۔

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

کا انعقاد کیا گیا تفصیلات کے مطابق بھرکڑی میں لگائے گئے فری میڈیکل کیمپ میں مختلف امراض میں مبتلا تقریباً 1100 مریضوں کا معائنہ کیا گیا اور انہیں مفت ادویات فراہم کی گئیں کیمپ میں جلد، ڈی بی، ملیریا اور بخار سمیت مختلف امراض کے مریضوں کا چیک اپ کیا گیا کیمپ میں ڈاکٹر پرہ بھیلوٹو، ڈاکٹر طارق بھیلوٹو، ڈاکٹر طارق بھنبھرو، ڈاکٹر اظہر مور بچو سمیت دیگر ماہر ڈاکٹروں نے خدمات انجام دیں اس موقع پر انجمن تاجران خیر پور میرس کے صدر حاجی لالہ عبدالغفار شیخ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھرکڑی کی طرز پر خیر پور کے دیگر علاقوں میں بھی ایسے فری میڈیکل کیمپس لگائے جائیں تاکہ غریب عوام مستفید ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ خیر پور کے سرکاری اسپتال برائے نام رہ گئے ہیں، جہاں غریب اور نادار مریضوں کا درست علاج نہیں ہورہا، سرکاری اسپتال ویران ہیں جبکہ پرائیویٹ کلینکس پر رش ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ سرکاری اسپتالوں میں عوام کو ریلیف نہیں مل رہا انہوں نے کہا کہ حکومت کے کروڑوں روپے صرف کاغذوں میں خرچ دکھائے جارہے ہیں۔ حکومتِ پاکستان اور حکومتِ سندھ کو چاہیے کہ ضلع خیر پور کے سرکاری اسپتالوں پر خصوصی توجہ دے تاکہ غریب عوام کو ریلیف مل سکے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اگر حکومت محکمہ بلدیہ یا کوئی بجٹ فراہم نہیں کررہی تو محکمہ بلدیہ یا مجھ سے رابطہ کرے، میں پٹرول اور کچھ مارا سپرے کی ادویات سمیت تمام اخراجات خود برداشت کروں گا تاکہ عوام کو ملیریا سے نجات مل سکے مسلم لیگ (ف) کے رہنما حاجی عبدالغنی بھیلوٹو نے کہا کہ مرحوم حاجی امام بخش بھیلوٹو بھرکڑی سمیت خیر پور کے عوام کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے تھے، انہوں نے ہمیشہ غریبوں، ناداروں اور پسماندہ طبقات کی خدمت کی، ہم بھی ان کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے غریب عوام کو ریلیف دینے کے لیے کوشاں ہیں خدمتِ انسانیت ویلفیئر ایسوسی ایشن کے ضلعی صدر محمد اکرم راجپوت نے کہا کہ غریب عوام کی خدمت سے دل کو سکون ملتا ہے، خیر پور کے صاحبِ ثروت افراد کو آگے بڑھ کر غریبوں اور محنت کشوں کا سہارا بننا چاہیے تقریب میں ڈسٹرکٹ ملیریا انچارج مقبول ہکڑو، ماجد وسان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نعمت اللہ لاڑک، برج کنسلٹنٹ انجینئر محمد یوسف شیخ فاؤنڈیشن کے رہنما کاشف شیخ، اے ڈی انچ او ڈاکٹر منظور میمن، فقیر نشاد مہیسر، صابر حسین مہیسر، صابر بھٹو، سماجی رہنما سلیم اللہ جتوئی، فقیر ریاض احمد منگریو سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

کی جائیں گی ڈینٹل او پی ڈی کا افتتاح ابنِ سینا یونیورسٹی کے چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید رضی محمد نے کیا تقریب میں پرو چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شمس العارفین خان، ایم ایس ڈاکٹر عمر کاکا، پرنسپل ڈینٹل کالج پروفیسر فرحانہ سکھو، ڈاکٹر حیدر علی پھلپاوی، مختلف کالجز کے پرنسپلز، فیکلٹی ممبران اور دیگر نے شرکت کی اس موقع پر چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید رضی محمد نے کہا کہ ڈینٹل او پی ڈی کا قیام میر پور خاص اور گردونواح کے عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے دانتوں اور منہ کی صحت انسانی مجموعی صحت کا اہم حصہ ہے اس لیے ضروری ہے کہ عوام کو دانتوں کے امراض کے بروقت تشخیص اور علاج کی سہولیات ان کے اپنے شہر میں دستیاب ہوں انہوں نے کہا کہ ڈینٹل کے مختلف شعبوں کے ماہر کنسلٹنٹس کی دستیابی سے مریضوں کو ایک ہی جگہ پر جامع طبی مشاورت اور علاج کی سہولت میسر آئے گی معنقد کردہ آرسی اے کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے آخری مرحلے میڈیا کیم ٹرافی انڈر 19 انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ادارہ مستقبل میں بھی نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ اس موقع پر بینظیر ایکسٹرنل افیئرز ظفر ریاض باری نے نیا ہائم آباد جم خانہ گراؤنڈ میڈیا کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے منع

سپر ٹیکس کا بتدریج خاتمہ کرینگے، چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال

کاٹی میں فوکل پرسن کی تعیناتی، ون ونڈو آپریشنز، ٹیکس نیٹ کو وسیع کیا جائے، شیخ عمر ریحان، زبیر چھاپا، زاہد سعید، میاں زاہد، زبیر طفیل، راشد صدیقی

کراچی (بزنس رپورٹر) چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نیکہا ہے کہ حکومت سپر ٹیکس کو مکمل طور پر ختم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، پہلے شرح میں 2 فیصد کمی کی گئی اور اب بتدریج خاتمہ کیلئے کام شروع کیا جاچکا ہے۔ کورنگی انڈسٹریل ایریا کے صنعتکاروں کے ٹیکس مسائل کیلئے کاٹی میں دفتر قائم کیا جائے گا۔ خام مال کی امپورٹ میں موجود خامیوں کو دور کرنے کیلئے اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کریں گے۔ ایف بی آر ہیلپ ڈیسک کا کراچی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)





تجارتی رسائی ڈیٹا بیس (PTAD) کا ایف پی سی سی آئی میں افتتاح

ٹڈاپ کا مشترکہ تعاون، سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں نے کاروباری برادری اور تجارتی نمائندوں کو نئے ڈیٹا بیس کی بنیادی خصوصیات سے آگاہ کیا

کراچی (بزنس رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) نے مشترکہ طور پر ایف پی سی سی آئی کے ہیڈ آفس، فیڈریشن ہاؤس کراچی میں ترجیحی تجارتی رسائی ڈیٹا بیس کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا۔ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ عالمی منڈیوں تک رسائی کے حوالے سے یہ اقدام ایک اہم ادارہ جاتی سنگ میل ہے۔ ترجیحی تجارتی رسائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



متبادل توانائی کے شعبے کی ترقی کیلئے ادارہ جاتی تعاون مضبوط بنانا ہوگا

اسلام آباد چیمبر کے صدر محمد اکبر ضیاء کی آصف جاوید، طیب نیاز، چوہدری عزیز سے ملاقات، محمد اشفاق حسین چٹھہ، محمد وقاص خان بھی موجود



اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا ہے کہ قابلِ تجدید توانائی پاکستان کی معیشت کو مضبوط بنانے، توانائی کے تحفظ کو یقینی بنانے، صنعتی پیداواری لاگت کم کرنے اور سرمایہ کاری کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار معاشی اور صنعتی ترقی کے لیے شمسی توانائی، ہوا سے بجلی پیدا کرنے اور توانائی کے دیگر متبادل ذرائع پر انحصار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

کے آئی سی ٹی ہیکسن پورٹس کو پیشہ ورانہ تحفظ، صحت شعبے میں نمایاں کارکردگی پر اعزاز

چیف ایگزیکٹو آفیسر نے ڈبلیو ایچ او کے سربراہ مشن ڈاکٹر لوو داپنگ سے اعزاز وصول کیا، خدمات کا اعتراف

کراچی (بزنس رپورٹر) کراچی پورٹ کے ٹرمینل آپریٹر، کراچی انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل (کے آئی سی ٹی) نے بندرگاہی امور میں غیر معمولی پیشہ ورانہ کارکردگی اور نمایاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)



کراچی میں غیبر ئی ویلفیئر فاؤنڈیشن قائم، قبیلے کے مسائل کے حل کے لیے 50 رکنی کمیٹی تشکیل

کراچی (این این آئی) شہر میں آباد غیبر ئی قبیلے کے افراد کو درپیش کاروباری، معاشی اور سماجی مشکلات کے حل، باہمی اتحاد و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

کراچی میں پولیس کے 5 مبینہ مقابلے، موٹر سائیکل لفٹر ہلاک، 7 زخمیوں سمیت 11 ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس نے پانچ مبینہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

سردار عبدالرحیم کا گیس بندش پر شدید ردعمل کا اظہار

سم سرما کی آمد کے ساتھ ہی عوام پر گیس کی لوڈشیڈنگ مسلط کردی گئی ہے، جنرل سیکریٹری فنکشنل لیگ

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم نے کراچی سمیت مختلف علاقوں میں آج سے موسم سرما کے گیس شیڈول کے تحت گھریلو صارفین کو محدود اوقات میں گیس کی فراہمی اور باقی اوقات میں گیس کی بندش پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موسم سرما کی آمد کے ساتھ ہی عوام پر گیس کی لوڈشیڈنگ مسلط کردی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

گلشن جمال میں پانی کی فراہمی بحال کرنے کا ہائیکورٹ کا حکم

شہری ٹیکس ادا کرنے کے باوجود پانی سے محروم، ٹینکرز کے ذریعے مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہیں، عدالت

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے گلشن جمال میں پانی کی عدم فراہمی کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کرتے ہوئے کنٹونمنٹ بورڈ کو علاقے کے رہائشیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

خواتین کی معاشی خودمختاری کے فروغ پر لوریل پاکستان کو ایوارڈ مل گیا

گھریلو تشدد اور تیزاب گردی سے متاثرہ خواتین کو فنی تربیت اور باعزت روزگار فراہم کرنے کے اقدامات کو سراہا گیا

کراچی (این این آئی) لوریل پاکستان کو خواتین کی معاشی خودمختاری کے فروغ اور ان کے لیے پائیدار روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے سلسلے میں نمایاں اقدامات پر 29 ویں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)



امریکی انتخابات میں پاکستانیوں کا نام روشن، ٹیکساس میں سلمان بھوجانی اور سلیمان لالانی پھر کامیاب

جارجیا میں پاکستانی نژاد امریکی امیدوار فاروق مغل نے ریاستی اسمبلی کی نشست جیت لی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں ہونے والے انتخابات میں پاکستانی نژاد امریکی امیدواروں نے مختلف ریاستوں میں حصہ لیا، جن میں سے متعدد نے کامیابی حاصل کرلی۔ امریکی میڈیا کے مطابق ٹیکساس کی ریاستی اسمبلی کے ارکان سلمان بھوجانی اور سلیمان لالانی دوبارہ منتخب ہوگئے، جبکہ جارجیا میں پاکستانی نژاد امیدوار فاروق مغل نے بھی ریاستی اسمبلی کی نشست جیت لی۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سلمان بھوجانی نے ٹیکساس کے ڈسٹرکٹ 92 سے انتخاب لڑتے ہوئے 67 فیصد ووٹ حاصل کیے۔ وہ اس کامیابی کے بعد ایک بار پھر ریاستی اسمبلی کے رکن منتخب ہوگئے۔ اسی طرح پاکستانی نژاد امریکی امیدوار سلیمان لالانی نے ٹیکساس کے ڈسٹرکٹ 76 سے کامیابی حاصل کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

یوم شہادت بے نظیر بھٹو پر کراچی میں رسہ کشی کھیل کا مقابلہ ہوگا، اقرا جنت

اسپیشل اولمپک پاکستان میراتھون میں بھرپور تعاون کیا جائے گا، AC ہیڈ کوارٹر اقرا جنت کی زیر صدارت اجلاس، غلام محمد خان، گلفراز خان، سعدیہ شیخ اور دیگر موجود



کراچی (بزنس رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹر اقرا جنت نے کہا ہے کہ 27 دسمبر کو یوم شہادت محترمہ بے نظیر بھٹو شہید پر کراچی نگ آف وار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام کراچی کے نامور کھلاڑیوں پر مشتمل ٹیموں کے درمیان رسہ کشی کھیل کا مقابلہ ہوگا یہ اعلان انہوں نے اپنے دفتر میں ایک اجلاس میں کیا جس میں ڈائریکٹر اسپورٹس غلام محمد خان، ایسوسی ایشن کے چیئرمین گلفراز احمد خان، سیکریٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

PEDA کے زیر اہتمام کراچی میں پروقار تقریب منعقد

سندھ بھر کے فزیکل ایجوکیشن ڈائریکٹرز کی خدمات کا اعتراف، مہمانِ خصوصی سیکریٹری کالج ایجوکیشن ندیم الرحمٰن میمن نے شیلڈز اور اعزازی اسناد پیش کیں

کراچی (اسپورٹس رپورٹر/کاشف احمد فاروقی) فزیکل ایجوکیشن ڈائریکٹرز ایسوسی ایشن (PEDA) کے زیر اہتمام 3 نومبر 2026ء کو ڈی جے سندھ گورنمنٹ سائنس کالج کراچی میں ایک پروقار تقریب اعزاز و اظہارِ تشکر منعقد ہوئی، جس میں ریٹائرڈ فزیکل ایجوکیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)



سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن نے ڈپلومہ اِن کمپیوٹر سائنس حصہ اوّل کے سالانہ امتحانات 2026ء کے نتائج کا اعلان کردیا، 191 امیدواروں نے امتحان میں حصہ لیا، 151 کامیاب، کامیابی کا مجموعی تناسب 79.05 فیصد رہا، دوسالہ ڈی آئی ٹی پروگرام انٹرمیڈیٹ کے مساوی ہے

کراچی (این این آئی) سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کراچی نے سندھ بھر میں منعقدہ دو سالہ انٹرمیڈیٹ پروگرام ڈپلومہ اِن کمپیوٹر سائنس (ڈی آئی ٹی) گروپ حصہ اوّل کے سالانہ امتحانات 2026ء کے نتائج کا اعلان کردیا ہے۔ بورڈ کے ترجمان زوہیب احمد خان کے مطابق سالانہ امتحانات میں سندھ بھر سے مجموعی طور پر 191 امیدواروں نے شرکت کی، جن میں سے 151 امیدوار کامیاب قرار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

میپاک ایڈیبل آئلز کیلئے بڑا اعزاز، انڈونیشیا کا پریما دوتا ایوارڈ 2026 مل گیا

قونصل جنرل انڈونیشیا مزاکر نے کراچی میں تقریب کے دوران میپاک کے چیف ایگزیکٹو عبدالرشید جان محمد کو ایوارڈ پیش کیا

ایوارڈ و نر عبدالرشید جان محمد، ویسٹ بری گروپ کے سربراہ ہونے کے ساتھ ساتھ پاکستان ایڈیبل آئل کانفرنس کے چیف ایگزیکٹو بھی ہیں

روح رواں بشیر جان محمد، طلعت محمود، ثاقب فیاض مگوں، چوہدری نوید احمد، شیخ عمر ریحان اور جہانگیر رشید بطور خاص تقریب میں موجود





کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان کی معروف کمپنی میپاک ایڈیبل آئلز پرائیویٹ لمیٹڈ (Oils Edible MAPAK) کو انڈونیشیا کی جانب سے پام آئل کی برآمدات میں اہم کردار ادا کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان مستحکم تجارتی شراکت داری کے اعتراف میں پریما دوتا ایوارڈ 2026 سے نوازا گیا ہے۔ کراچی میں انڈونیشیا کے قونصل خانے کی جانب سے منعقدہ خصوصی تقریب میں قونصل جنرل مزاکر نے میپاک ایڈیبل آئلز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرشید جان محمد کو یہ اعزاز پیش کیا۔ 3 نومبر 2026 کو منعقد ہونے والی اس خصوصی ڈنر تقریب میں پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان اقتصادی و تجارتی تعلقات کے فروغ، پام آئل کی درآمدات، صنعتی تعاون اور کاروباری شراکت داریوں کے نئے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انڈونیشیا کی وزارت تجارت کے فیصلے نمبر 2002 برائے 2026 کے تحت میپاک ایڈیبل آئلز کو حلال مصنوعات کے درآمد کنندہ (Halal Importer Products) کی کیٹیگری میں یہ ایوارڈ دیا گیا، جو انڈونیشیا کے ساتھ کمپنی کی مسلسل تجارتی وابستگی اور کاروباری تعاون کا اعتراف ہے۔ عبدالرشید جان محمد ویسٹ بری گروپ کے سربراہ ہونے کے ساتھ پاکستان ایڈیبل آئل کانفرنس (PEOC) کے چیف ایگزیکٹو بھی ہیں، جو اس صنعت سے وابستہ کاروباری شخصیات اور عالمی اداروں کے لیے ایک اہم بین الاقوامی پلیٹ فارم ہے۔ وہ ماضی میں پاکستان ایڈیبل آئل ریفائنرز ایسوسی ایشن (PEORA) کے چیئرمین بھی رہ چکے ہیں۔ ان کا کاروباری تجربہ خوردنی تیل کی پروسیسنگ، ذخیرہ کرنے اور بندرگاہوں سے متعلق لاجسٹکس سمیت مختلف شعبوں پر محیط ہے۔ تقریب میں پاکستان کی تقریباً 50 ممتاز کاروباری شخصیات، صنعت کاروں اور تاجروں نے شرکت کی۔ شرکا میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں، کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (KCCI) کے صدر طلعت محمود اور ایوارڈ حاصل کرنے والے عبدالرشید جان محمد کے بھائی اور معروف کاروباری شخصیت بشیر جان محمد شامل تھے۔ اس موقع پر پاکستان و ناسپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (PVMA)، کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹریز (KATI) کے نمائندوں، مختلف تجارتی انجمنوں کے عہدیداران اور کاروباری شراکت داروں نے بھی شرکت کی۔ قونصل جنرل مزاکر نے اپنے خطاب میں میپاک ایڈیبل آئلز کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے باہمی اعتماد، مستقل مزاجی اور طویل المدتی شراکت داری بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے پام آئل کی تجارت کو دونوں ممالک کے درمیان تکمیلی اقتصادی تعاون کی ایک نمایاں مثال قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ انڈونیشیا سے پام آئل کی فراہمی پاکستان کی خوردنی تیل صاف کرنے اور اس سے متعلقہ صنعتی شعبوں کے لیے بنیادی خام مال فراہم کرتی ہے۔ اس تعاون سے پاکستان میں مقامی مینوفیکچرنگ، مصنوعات کی ویلیو ایڈیشن، روزگار کے مواقع اور صنعتی مسابقت کو فروغ ملتا ہے۔ قونصل جنرل مزاکر نے ٹریڈ ایکسپو انڈونیشیا (TED) 2026 کے نتائج کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ انڈونیشیا کے قونصل خانے کی معاونت سے سندھ کا ایک تجارتی وفد اس نمائش میں شریک ہوا۔

ثروت این شاہ اور سرفراز ڈینس کی مشترکہ کاوش، پنکٹوبر 2026 کے حوالے سے بڑی تقریب

ڈاکٹر رفینہ سومرو، ڈاکٹر فرح فیصل، ڈاکٹر حنا انیس اور ڈاکٹر عظمت عرفان نے احتیاطی تدابیر، متوازن غذا اور جدید طبی رہنمائی کی اہمیت اجاگر کی

راج ویر سنگھ سودھا، عرفان سومرو، فضل دادا بھائی، حنیف گوہر، آصف موسیٰ، کاشف شاہ، اقبال قریشی، دردانہ ارشد، ارم فواد، شہناز رمزی، سحر اقبال کی شرکت

ملیحہ بھیم جی، زاہد اصغر، ڈاکٹر حنا فرحان عیسیٰ، آسیہ سراج، سید کاشف شاہ، رزاق پردیسی، کشور الاولا کو اہم طبی خدمات پر ایوارڈز اور شیلڈ سے نوازا گیا



کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان میں چھاتی کے سرطان (بریسٹ کینسر) سے متعلق آگاہی کو محض گلابی تقریبات اور روایتی شعور بیدار کرنے کی سرگرمیوں تک محدود رکھنے کے بجائے بیماری سے بچاؤ، بروقت تشخیص، مستند طبی علاج، جامع صحت اور خواتین کی ذہنی و نفسیاتی بہبود کو ترجیح دینے کے لیے پنکٹوبر 2026 کے تحت ایک اہم تقریب منعقد کی گئی۔ اس تقریب کا تصور خودی ویلنیس اینڈ فاؤنڈیشن کی بانی سروت این شاہ نے پیش کیا، جسے سیونگ لائیوز اور سی پی این سی کے سرفراز ڈینس کے اشتراک سے عملی شکل دی گئی۔ 30 اکتوبر کو پرل کانٹی نینٹل ہوٹل کراچی میں منعقد ہونے والی اس تقریب میں طبی ماہرین، سماجی تنظیموں کے نمائندوں، کاروباری شخصیات، بریسٹ کینسر سے صحت یاب ہونے والی خواتین اور کمیونٹی کے سرگرم افراد نے شرکت کی۔ تقریب کا بنیادی مقصد خواتین کی صحت کے حوالے سے ایک سنجیدہ، مؤثر اور عملی مکالمے کو فروغ دینا تھا، تاکہ چھاتی کے سرطان کی روک تھام، ابتدائی علامات کی شناخت، مناسب علاج اور مریضوں اور خواتین کی ذہنی و نفسیاتی معاونت کے حوالے سے معاشرے میں ذمہ داری کا احساس پیدا کیا جاسکے۔ تقریب کا ایک اہم حصہ خصوصی پینل ڈسکشن تھا، جس میں بریسٹ سرجن ڈاکٹر رفینہ سومرو، الٹراساؤنڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر فرح فیصل، ماہر غذائیت ڈاکٹر حنا انیس اور نیچروپیتھ ڈاکٹر عظمت عرفان نے شرکت کی۔ اس سیشن کی نظامت خودی ویلنیس کی بانی اور ایگزیکٹو تھراپسٹ سروت این شاہ نے کی۔ مباحثے کے دوران اس بات پر زور دیا گیا کہ چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی صرف بیماری کی شناخت تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ احتیاطی تدابیر، خطرات سے متعلق معلومات، بروقت طبی مشورے اور مناسب علاج تک رسائی بھی اس کا لازمی حصہ ہیں۔ خواتین کو ترغیب دی گئی کہ وہ اپنی صحت کو ترجیح دیں اور کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کی صورت میں بلاجھجک طبی ماہرین سے رجوع کریں۔ ماہرین نے چھاتی کے خود معائنے، باقاعدہ طبی مشاورت اور عمر و طبی خطرات کے مطابق اسکریننگ کی اہمیت اجاگر کی۔ انہوں نے کہا کہ جسم میں ہونے والی تبدیلیوں کو بروقت محسوس کرنا اور مناسب طبی رہنمائی حاصل کرنا علاج کے بہتر مواقع فراہم کرسکتا ہے۔ غذائیت اور طرزِ زندگی کے حوالے سے متوازن غذا، صحت مند خوراک، جسمانی سرگرمی اور پائیدار معمولات اپنانے پر بھی زور دیا گیا۔ اس کے ساتھ سنتِ نبوی ؐ کے مطابق اعتدال، سوچ سمجھ کر کھانے، ذاتی صفائی، روحانی توازن اور صحت مند روزمرہ معمولات کو جامع صحت کے لیے اہم قرار دیا گیا۔ مباحثے میں اس حقیقت کو خصوصی اہمیت دی گئی کہ چھاتی کا سرطان صرف جسمانی بیماری نہیں بلکہ اس کے اثرات مریضہ کی ذہنی، جذباتی اور خاندانی زندگی پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔ اس لیے علاج کے دوران مریضہ کو ہمدردی، جذباتی تحفظ اور نفسیاتی معاونت فراہم کرنا ضروری ہے۔ ماہرین نے کہا کہ خاندان کے افراد، نگہداشت کرنے والوں اور طبی عملے کو مریضہ کے ساتھ تعاون، احترام اور شفقت کا مظاہرہ کرنا چاہیے، تاکہ وہ بیماری کے مشکل مراحل کا حوصلے سے سامنا کرسکے۔ اس طرح خواتین کی عزتِ نفس، خود اعتمادی اور زندگی کے معیار کو برقرار رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔



